اردو(Urdu)

(306)

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ (۲۰۲۰-۲۱)

سینئر سکنڈری کورس

کل نمبر 20

نوٹ :تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے دئے گئے ہیں۔

سوال نمبر ۱: درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب ۴۰ تا ۶۰ الفاظ میں لکھئے۔ 2

(الف) غالب نے اردو نثر میں کن اصناف کو متاثر کیا؟ (L.N.1)

یا

(ب) دلّی اسکول اور لکھنو اسکول کی غزل میں کیا فرق ہے؟ (L.N.16)

سوال نمبر ۲: درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب ۴۰ تا ۶۰ الفاظ میں لکھئے۔ 2

(الف) ڈراما ''دروازے کھول دو'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟ (L.N.6)

یا

(ب) افسانہ ''چوتھی کا جوڑا'' میں عصمت چغتائی نے عورتوں کے کس نفسیاتی پہلو کو اجاگر کیا ہے؟ (L.N.4)

سوال نمبر ۳: درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب ۴۰ تا ۶۰ الفاظ میں لکھئے۔ 2

(الف) ''پوس کی رات'' سبق میں کس معاشرے پر روشنی ڈالی گئی ہے؟ (L.N.3)

یا

(ب) سبق ''امید کی خوشی'' میں مصنف نے کس چیز کی اہمیت وافادیت پر زور دیا ہے؟ (L.N.10)

سوال ۴: درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب ۱۰۰ تا ۱۵۰ الفاظ میں لکھیے۔ 4

(الف) افسانوی ادب کے ارتقا کا جائزہ لیجیے اور اس میں کون سی اصناف شامل ہیں تعارف پیش کیجیے۔ (L.N.1)

یا

(ب) حسرتؔ موہانی کی غزل کی خصوصیات بیان کیجیے۔ (L.N.21)

سوال نمبر۵:　درج ذیل میں سے کسی ایک متن کی وضاحت ۱۰۰ سے ۱۵۰ الفاظ میں کیجیے۔ 4

اپنے دل کے باغ سے چن چن کے پھول
عمر بھر اک ہار میں گوندھا گیا
کس کو پہناؤں گا یہ سوچا ہی نہیں
آہ! اے اختر یہ میں نے کیا کیا

(i) مندرجہ بالا قطعہ کا مطلب لکھیے۔
(ii) دو قطعہ گو شاعروں کے نام لکھیے۔
(iii) اپنی پسند کا ایک قطعہ لکھیے۔
(iv) قطعہ اور رباعی کا فرق واضح کیجیے۔

یا

تو ہاتھ کو جب ہاتھ میں لے لیتی ہے
دکھ درد زمانے کے مٹا دیتی ہے
سنسار کے تپتے ہوئے ویرانے میں
سکھ شانت کی گویا تو ہری کھیتی ہے

(i) مندرجہ بالا رباعی کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔
(ii) اپنی پسند کی ایک رباعی لکھیے۔
(iii) رباعی کی تعریف لکھیے۔
(iv) دو رباعی گو شعراء کے نام لکھیے۔

سوال نمبر۶:　پروجیکٹ ورک 6

اداریہ کی تعریف کرتے ہوئے اداریے کے اقسام سے بحث کیجیے اور کسی روزنامہ اردو اخبار کا اداریہ لکھیے۔ (L.N.31A)

یا

ترقی پسند تحریک سے کیا مراد ہے؟ ترقی پسند شاعروں کا ذکر کرتے ہوئے کسی دو ترقی پسند شاعروں کی ایک ایک نظم لکھیے۔ (L.N.16)